سوال

(214)پنج وقتی کے بعد تسبیح اور مناجات پڑھنے کے بارہ میں کیا ارشاد ہوتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پنج وقتی کے بعد تسبیح اور مناجات پڑھنے کے بارہ میں کیا ارشاد ہوتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز صبح کے بعد لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ سو مرتبہ پڑھنا چاہیے اور نماز ظہر کے بعد اگر فرصت ہو تو حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل پانچ سو مرتبہ پڑھنا چاہیے اور اگر فرصت نہ ہو تو ۲۵ مرتبہ پڑھنا چاہیے اور نماز عصر کے بعد تسبیح فاطمہ کہ جو مشہور ہے پڑھنا چاہیے اور نماز مغرب کے بعد کلمہ تمجید سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ پانچ سو مرتبہ پڑھنا چاہیے اور نماز عشاء کے بعد درود شریف چاہے کوئی درود شریف ہو۔ سو مرتبہ مدینہ منورہ کی طرف رخ کر کے پڑھنا چاہیے۔

(فتاویٰ عزیزی جلد ۱، ص ۴۱۶)

[فتاویٰ علمائے حدیث](#)

جلد04ص284

محدث فتویٰ